© rasailojaraid.com


کیا ہے اور اس کے وسیع تقاضوں کو پورا کرنا کس طرح ممکن ہے۔ زمین یا دولت کی ایسی بہت بڑی انفرادی ملکیتیں جو فسادِ اخلاق، ظلم، اغوا، جتھابندی، غنڈہ گردی، دولت اور زیرنگیں افراد کے ذریعے سیاست میں ضرر رساں دخل اندازی اور جمہوریت کی رُوح کی تباہی کا سبب بن جائیں۔ ان سے متعلق کیا مؤثر اقدامات کیے جا سکتے ہیں۔ بنکنگ بلا سُود کا بالکل پاک صاف نظام کیا ہو سکتا ہے۔ وغیرہ!

بہ حیثیت کام اگر ہم کتاب و سنّت کی پوری پابندی کے ساتھ کسی قدر اجتہادی نہ کہ انحرافی یا باغیانہ، نقطۂ نظر سے کر سکیں تو اس کی بنیاد پر دوسرے تمام فلسفوں اور نظاموں کا مقابلہ کرنا زیادہ آسان ہے۔ ایسی کچھ باتیں مہر محمد نواز خاں کے ہاں بھی ہیں، دوسرے معاشی مصنفین کے ہاں بھی، مگر ابھی وہ بات نہیں بنی کہ:

ع حالیا! غلغلہ در گنبدِ افلاک انداز

---

**ماہنامہ ظرافت** | ایڈیٹر: ضیا الحق قاسمی (برادر عطا الحق قاسمی)۔ اہم شخصیتوں کی مجلسِ مشاورت۔ مقام: ۱۰۰/۸ اسحٰق آباد، سر شاہ محمد سلیمان روڈ، لیاقت آباد، کراچی۔ کوڈ نمبر ۷۵۹۰۰۔ فی پرچہ: ۷/- روپے۔ سالانہ ۷۰/- روپے۔

قابلِ داد ہے ظرافت کا جواں سال ایڈیٹر جو بدلِ فتنہ فتنہ و حرفِ فتنہ فتنہ جرم و تشدد، خیانت و انتقام اور خون اور آنسوؤں کے ماحول میں مسرت کے پھول بکھیرتا نکلا ہے۔ جہاں مجالسِ ماتم کی آنکھوں میں آنسو ہیں، وہاں اس کے دَم سے لبوں پر تبسّم رقصاں ہے — آگ پانی کا کھیل ہے۔ ایک گذارش! اہلِ ظرافت اگر معاصرین سے دست و گریباں ہو جائیں اور ہر پرچے کے ہر گوشے میں اسی لیپا ڈگی کے تذکرے ہوں تو بی بی ظرافت کو دمہ ہو جاتا ہے۔ ذرا بچ کے!

---

**ہفت روزہ قیامت** | مدیرِ اعلیٰ ظفر اعوان۔ دفتر اشاعت: نزد چونگی ۲۰۔ اڈیالہ روڈ۔ راولپنڈی۔ فی پرچہ ۷/- روپے، سالانہ ۳۲۰/- روپے۔ معلومات کا دائرہ وسیع۔ ملکی اور غیر ملکی خبریں۔ بیانات، رپورٹیں، تبصرے اور مزاج۔ قدرے ایوڈیشن کی طرف میلان۔

© rasailojaraid.com